**Series : RKM/1**

Code No. **5A/1**

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **7** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **16** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attem pting it.**

# URDU (Course A)

# اُردو (کورس - اے)

*Time allowed : 3 Hours]* *[Maximum marks : 100*

مقررہ وقت : 3 گھنٹے کُل نمبر : 100

## حصّہ - الف

.1 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم سے کم تین صفحات پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 10

(i) فورٹ ولیم کالج

(ii) میری پسندیدہ شخصیت

(iii) ماحول کی آلودگی

.2 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیے: 10

ہماری وراثت دو قسم کی ہے۔ قدرتی وراثت اور ثقافتی وراثت۔ جہاں تک قدرتی وراثت کے تحفظ اور بقا کا تعلق ہے۔

اس کے لئے مختلف طریقے اپنائے گئے ہیں۔ مثال کے طور پر سرکار نے جنگلوں کے تحفظ کے لئے محکمۂ جنگلات قائم کیا، جس نے غیر قانونی طریقے سے درختوں کی کٹائی اور جنگلوں کے شکار پر پابندی لگا کر ایسا کرنے والوں کو سزائیں دیں۔ اس طرح قومی وراثت کے تحفظ میں بھی اہم قدم اٹھائے گئے ہیں۔ جہاں تک ثقافتی وراثت کی بقا اور تحفظ کا تعلق ہے حکومت نے وقتاً فوقتاً بہت سے قانون پاس کئے ہیں۔ مثال کے طور پر 1958ء میں قدیم یادگاروں اور آثارِ قدیمہ کی عمارتوں کے تحفظ کا قانون پاس کیا گیا۔

(i) ہماری وراثت کتنی قسم کی ہے؟

(ii) قدرتی وراثت کے تحفظ اور بقا کے مختلف طریقے بتائیے۔

(iii) قومی وراثت کے تحفظ کے لئے کون کون سے اہم قدم اٹھائے گئے ہیں؟

(iv) اس اقتباس کا مرکزی خیال دو جملوں میں لکھئے۔

(v) درج ذیل کے معنی لکھئے:

وراثت - بقا - تحفظ - آثارِ قدیمہ

3. فعل لازم اور فعل مجہول کا فرق مثالیں دے کر سمجھائیے۔ 5

4. حرف شرط اور حرف استفہام کسے کہتے ہیں؟ ہر ایک کی ایک ایک مثال بھی لکھئے۔ 5

5. درج ذیل میں سے کسی دو کی تعریف مثالیں دے کر سمجھائیے: 5

(i) لف ونشر

(ii) تشبیہ

(iii) استعارہ

.6 درج ذیل محاوروں سے جملے بنائیے: 5

(i) اپنا راگ الاپنا

(ii) خون سفید ہونا

(iii) رنگ فق ہو جانا

(iv) شیشہ میں اتارنا

(v) آستین کا سانپ ہونا

## حصہ - ب

.7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئے: 7

میں نے کوئی گھر نہیں بنایا۔ اور کسی کو بہت بڑا فیض نہیں پہنچایا۔ اور کبھی بڑا آدمی نہیں بن سکا۔ کیوں کہ میں نے صرف خواب دیکھے ہیں اور وہ سب ادھورے خواب تھے، سب جھوٹے سپنے تھے۔ ایک رات میں نے ایک خواب دیکھا کہ اس دنیا کے سب انسان برابر ہیں۔ وہ ایک جھوٹا سپنا تھا۔ ایک رات میں نے ایک خواب دیکھا کہ اس دنیا میں کوئی کسی پر ظلم نہیں کرتا۔ وہ بھی ایک جھوٹا سپنا تھا۔ ایک رات میں نے خواب دیکھا کہ اس کرۂ ارض پر سب انسان امیر ہو گئے ہیں یعنی سب نے مل کر ایک دوسرے کی غریبی آپس میں بانٹ لی ہے۔ وہ بھی ایک جھوٹا سپنا تھا۔

لیکن یہی جھوٹے سپنے مجھے سب سے زیادہ عزیز تھے۔ یہی میرا گھر ہیں۔ یہی میری محبت، میری زندگی اور اس کا حاصل۔ میں ہرگز ہرگز کوئی بڑا آدمی نہیں ہوں۔ میری کل کائنات یہ جھوٹے سپنے ہیں۔

(i) یہ عبارت کس سبق سے لی گئی ہے اور اس کا مصنف کون ہے؟

(ii) مصنف کو کس بات کا افسوس ہے؟

(iii) مصنف نے کون کون سے خواب دیکھے؟

(iv) مصنف کی کل کائنات کیا ہے؟

(v) اس عبارت کا مرکزی خیال دو جملوں میں لکھئے۔

یا

مسلمان بادشاہوں اور صوفی درویشوں نے موسیقی، ادب، زبان، تعمیر فنون لطیفہ اور دوسرے دیگر تہذیبی اداروں کو ترقی دینے اور آگے بڑھانے میں جتنا حصہ لیا اور ہندو مسلم اتحاد کے ذریعہ قومیت کی تعمیر میں غیر شعوری طور پر ہی سہی جو کوشش کیں ان کا افسانہ تاریخ کی زبان پر ہے۔ جس بات کو اچھی طرح سمجھنا ہے وہ اس ہندوستانیت کی نشو ونما ہے، جو ہندو مسلمان کے اختلاط سے پیدا ہو رہی تھی، اس تہذیب نے کبیر، گرو نانک، اکبر، خانخاناں، داؤد یال، ویدویاس، تان سین اور دارشکوہ پیدا کیے۔ اس نے ہند اسلامی طرز تعمیر، موسیقی اور مصوری کو جنم دیا۔ اور ایک نئی آریائی زبان کی تخلیق کی۔ اس زبان کو ہندوستانی کہا جاتا ہے۔ اس نے ہندوستانی تہذیب کی روح اپنے اندر جزب کی تھی اور پہلی مرتبہ ملک نے لسانی اتحاد کی طرف قدم بڑھائے تھے۔

(i) یہ عبارت کس سبق سے لی گئی ہے اور اس کا مصنف کون ہے؟

(ii) مسلمان بادشاہوں اور صوفی درویشوں نے ہندوستان کی ترقی کے لئے کیا کیا؟

(iii) اس اقتباس کا مرکزی خیال دو جملوں میں لکھئے۔

(iv) درج ذیل کی وضاحت کیجئے:

فنونِ لطیفہ - ہندو مسلم اتحاد - اسلامی طرز تعمیر - لسانی اتحاد

(v) ہندوستانیت کی نشو ونما کیسے ہوئی؟

8. سعادت حسن منٹو کے افسانے ''نیا قانون'' کا تنقیدی جائزہ پیش کیجئے۔ 5

9. درج ذیل ادیبوں میں سے دو کی شخصیت اور ان کی نثر نگاری کی خصوصیات ایک صفحے کے اندر لکھئے: 8

(i) آل احمد سرور

(ii) شبلی نعمانی

(iii) کرشن چندر

10. درج ذیل اشعار میں سے صرف **تین** کا مطلب لکھئے۔اور شاعر کا نام بھی بتائیے:

مذکور تری بزم میں کس کا نہیں آتا
پر ذکر ہمارا نہیں آتا، نہیں آتا

ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقت مرگ
ہم کیا رہے یہاں، ابھی آئے ابھی چلے

نہ کوہکن ہے نہ مجنوں کہ تھے مرے ہمدرد
میں اپنا درد کہوں تو کس سے کہوں

جب وہ جمال دل فروز، صورت مہر نیم روز
آپ ہی ہو نظارہ سوز، پردے میں منہ چھپائے کیوں

ہاں وہ نہیں خداپرست، جاو وہ بے وفا سہی
جس کو ہو دین و دل عزیز اس کی گلی میں جائے کیوں

**یا**

درج ذیل اشعار کا مفہوم لکھئے۔نظم اور شاعر کا نام بھی بتائیے:

اک محل کی آڑ سے نکلا وہ پیلا ماہتاب
جیسے مُلا کا عمامہ، جیسے بنیے کی کتاب
جیسے مفلِس کی جوانی، جیسے بیوہ کا شباب
اے غم دل کیا کروں؟ اے وحشت دل! کیا کروں؟

دل میں ایک شعلہ بھڑک اٹھا ہے آخر کیا کروں
میرا پیانہ چھلک اٹھا ہے آخر کیا کروں
زخم سینے کا مہک اُٹھا ہے آخر کیا کروں
اے غم دل کیا کروں؟ اے وحشت دل! کیا کروں؟

11. چکبست کی نظم ''آوازہ قوم'' یا مخدوم محی الدین کی نظم ''چاند تاروں کا بن'' کا خلاصہ ایک صفحے کے اندر لکھیے۔ 5

12. درج ذیل میں سے کسی دو پر مختصر نوٹ لکھیے: 8

(i) آتش کی غزل گوئی

(ii) ذوق کی غزل گوئی

(iii) جوش کی شاعری کی خصوصیات

(iv) نظم اور غزل کا فرق

13. سعادت حسن منٹو کے افسانے ''جی آیا صاحب'' کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔ 4

**یا**

غلام عباس کے افسانے ''فیتی ہیئر کٹنگ'' کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

14. درج ذیل میں سے کسی دو کے جواب لکھیے: 6

(i) پنڈت جونت رائے کس قسم کے انسان تھے؟

(ii) قاسم کا کیا انجام ہوا؟

(iii) بھولا کے ماموں نے گھر والوں کو کیا بتایا؟

(iv) چاروں حجاموں نے آپس میں کیا صلاح کی؟

15. درج ذیل میں سے کسی ایک پر آدھے صفحے کے اندر لکھیے: 5

(i) رباعی اور قطعے میں فرق

(ii) اردو غزل میں غالب کا مقام

16. درج ذیل میں سے کسی **ایک** پر آدھے صفحے کے اندر لکھیے: 5

(i) اردو زبان کا ارتقاء

(ii) اردو میں مضمون نگاری

(iii) اردو ناول کا فن